**Series OSR/1/C**

کوڈ نمبر

**Code No. 253/1/2**

رول نمبر

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- برائے مہربانی چیک کیجئے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات 12 + 1 نقشہ ہے۔
- سوال کے پرچہ کے داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلباء کو اپنی جواب کی کاپی کے اوپر لکھنا ہے۔
- برائے مہربانی چیک کیجئے کہ سوال کے پرچہ میں 17 سوال ہیں۔
- برائے مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھیں۔
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 منٹ سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **12** printed pages **+ 1** Maps.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **17** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# تاریخ

# HISTORY

**(Urdu Version)**

مقرّرہ وقت : 3 ، گھنٹہ

کُل نمبر : 80

*Time allowed : 3 hours*

*Maximum Marks : 80*

عام ہدایات :

(i) سبھی سوالوں کے جواب دیجیے۔ کچھ سوالات میں اندرونی انتخاب دیئے گئے ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اُس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) دو نمبر والے ہر سوال (حصّہ A - سوال نمبر 1 سے 3) کا جواب 30 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

(iii) پانچ نمبر والے ہر ایک سوال (حصّہ B - سیکشن I سے IV - سوال نمبر 4 سے 11) کا جواب 100 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔ حصّہ B میں سیکشن IV اقدار پر مبنی سوال ہے۔

(iv) دس نمبر والے ہر سوال (حصّہ C - سوال نمبر 12 اور 13) کا جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

(v) حصّہ D کے سوال تین ذرائع پر مبنی ہیں۔ (اندرونی اختیار مہیّا کیا گیا ہے) (حصّہ D، سوال 16,15,14)

(vi) حصّہ E - نقشوں کو اپنی جوابی کاپی کے ساتھ جوڑیئے۔ (حصّہ E، سوال نمبر 17.1 اور 17.2)

## حصّہ - A

اِس حصّے کے سبھی سوالوں کے جواب لکھیئے۔

1۔ صوفی سلسلے کی کوئی دو خاص باتیں لکھیئے۔ 2

2۔ 1853 میں ریلوں کی شروعات نے شہروں کی زندگی کو بدل دیا۔ اِس بیان کے حق میں کوئی دو باتیں لکھیئے۔ 2

3. ہندوستانی مُتوں پر لکھائیوں متعلقہ 1830 کے دس سالہ میں سب سے زیادہ اہم جان کاری کا ذکر کیجئے۔ اِس سے سیاسی تاریخ کو نیا رُخ کیسے ملا؟ 2=1+1

## حصّہ - B ، سیکشن I

مندرجہ ذیل میں سے کتھی دو² سوالوں کے جواب لکھیے۔

4. براہمنوں کے ذریعہ ورن طریقہ (فرقہ واری کا طریقہ) لگائے جانے کی کوئی تین³ چالوں کو ظاہر کیجئے۔ اِس طریقہ کے چاروں فرقوں کے نام بتائیے۔ 5=2+3

5. عیسٰی قبل پہلے ہزار سالوں کے نصف کا زمانہ دنیا کی تاریخ میں ایک نقطۂ تبدیلی مانا جاتا ہے۔ اس بیان کی کوئی گواہی دیکر امداد کیجئے۔ 5

6. ہڑپا کے لوگوں نے کاری گری ( Craft ) کے لئے سامان کیسے حاصل کیا؟ سمجھائیے۔ 5

## سیکشن II

درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیئے۔

7. " زمین سے حاصل کردہ مالیہ مُغل سلطنت کا خاص معاشی ذریعہ تھا۔" اِس بیان کی وضاحت کیجئے۔ 5

8. سمجھائیے کہ کرشن دیو رائے نے کس طرح اپنی سلطنت کو بڑھایا اور مضبوط کیا۔ 5

## سیکشن III

مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب لکھیں۔

9۔ 1857 کی بغاوت کے بعد اودھ میں تعلق داروں کے اخراج کے اثرات کی وضاحت کیجیے۔ 5

10. 1793 میں بنگال میں مستقل بندوبست جاری کرنے کی وجوہات کی جانچ کیجیے۔ 5

## سیکشن IV

قدر انحصاری سوال۔

11. (11.1) "جین دھرم میں زور دیا جاتے والے اہنسا (عدم تشدد) کے اصول نے لگ بھگ سبھی ہندوستانی سوچ پر اثر ڈالا۔"
اِس بیان کی بنا پر جین دھرم کے عدم تشدد کے اصول کو واضح کیجیے۔

(11.2) حال کی جین فلاسفی کی کنہی تین اخلاقی قدروں کی وضاحت کیجیے۔ 5=3+2

## حصہ - C

لمبے جوابوں والے سوال۔

12. اُن مختلف قسم کے وسائل کی وضاحت کیجیے جن کی بنا پر ہم گاندھی جی کی سیاسی زندگی اور ہندوستان کی قومی تحریک کی تاریخ کا نقشہ تیار کرسکتے ہیں۔ 10

- یا -

فرقہ وارانہ ( Communal ) سیاست کس حد تک ہندوستان کی تقسیم کے لیئے ذمہ دار تھی ؟ کیا اِس تقسیم کا ہونا لازم تھا ؟ واضح کیجیے۔

10=3+7

13. مغلوں کے زمانہ میں زمیندار ایک طاقت ور جماعت تھے۔ اِس بیان کی وضاحت کیجئے۔ 10

- یا -

مغلیہ بندو بست میں سرکاری ریکارڈ کیسے بنائے اور رکھے جاتے تھے ؟ صوبائی بندوبست کے طریقہ کو سمجھائیے۔ 10=5+5

## حصہ - D

### پیراگراف انحصاری سوال

14. درج ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیئے اور اِس سے آگے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیئے۔

#### مُغل فوج کے ساتھ سفر

برنیئر نے اکثر فوج کے ساتھ سفر کیا۔ یہ اقتباس اُس کے فوج کے کشمیر کو مارچ کرنے کے خلاصہ سے ہے۔

مجھ سے اُمید کی جاتی ہے کہ میں دو اچھے تُرکمانی گھوڑے رکھوں گا اور میں اپنے ساتھ ایک طاقت ور فارسی ( Persian ) اُونٹ، اُس کا ڈرائیور اور اپنے گھوڑوں کے لیئے صفائی کار اور ایک کھانا بنانے والا کُک

رکھوں گا۔ میں ملک کے رواج کے مطابق گھوڑے کے آگے آگے پانی کی فلاسک (صراحی) لیکر چلنے والا آدمی رکھوں گا۔ مجھے استعمال کی سبھی اشیاء مہیا کی گئی ہیں جیسے کہ درمیانی سائز کا تمبو، ایک قالین، ایک ساتھ لے جانے کی چار بانسوں سے بنی چارپائی، ایک تکیہ، ایک بچھانے کی میٹرس ( mattress ) کھانے کے وقت استعمال کے لیئے ایک گول چمڑے کا ٹیبل کلاتھ، رنگے ہوئے کپڑے کے تھوڑے سے نیپکن (napkin) تین چھوٹے تھیلوں میں رکھے ہوئے کھانے کے برتن جنھیں ایک بڑے تھیلے میں رکھا گیا ہے۔ اور اس تھیلے کو ایک بہت بڑی ڈبل بوری یا جالی میں رکھا ہے جو چمڑے کی پٹیوں سے بنا ہے۔ ڈبل بوری میں مالک اور نوکر کے لیئے کھانے کا سامان، عام کپڑے اور پہننے کی وردیاں بھری ہیں۔ میں نے احتیاط کری ہے کہ ہمارے پاس پانچ چھ روز کی ضرورت کا پورا کرنے کے لئے بہت بڑھیا چاول، سونف (ایک خوشبودار بوٹی) والے بسکٹ، نیبو اور کھانڈ ہوں۔ میں ایک چھوٹے کپڑے کے تھیلے کو جسے لٹکانے کے لئے ایک لوہے کی کنڈی لگائی گئی ہے اور جس میں دہی ڈال کر پانی نچوڑنے کے لیئے لٹکایا جا سکتا ہے کو ساتھ رکھنا بھی نہیں بھولا۔ اس ملک میں کچھ بھی ایسا تازگی بخش نہیں جانا جاتا جیسا کہ لیمونیڈ اور دہی ہیں۔

**سوالات :-**

(14.1) برنیئر کون تھا؟ وہ مغل سلطنت کے پاس کیوں آیا؟ 2

(14.2) مغل فوج کے ساتھ سفر کرتے وقت اسے کیا کچھ ساتھ رکھنے کی امید کی جاتی تھی۔ 2

(14.3) اس نے فوج کے ساتھ کشمیر کا سفر کرتے وقت دی گئی کارآمد اشیاء کو لکھیئے۔ 3

(14-4) ہندوستان میں تازگی بخش سمجھی جانے والی دو اشیا کے نام لکھیں ۔ 1

-یا-

بڑا پھیلاؤ دار شہر

یہ وجے نگر متعلقہ ڈومنگو پائس کی بیان کردہ لکھائی سے لیا گیا اقتباس ہے ۔

اس شہر کے سائز کے بارے میں مَیں یہاں نہیں لکھ رہا کیونکہ کسی ایک نقطہ سے مکمل شہر کو دیکھا نہیں جا سکتا تھا ۔ میں ایک پہاڑی پر چڑھ گیا جہاں سے میں اس کے بیشتر حصّہ کو دیکھ سکتا تھا ۔ میں اِسے مکمل طور پر نہیں دیکھ پاتا تھا کیونکہ یہ کئی پہاڑیوں کے بیچ پھیلا ہوا تھا ۔ جو کچھ میں دیکھ پایا اُس سے لگا کہ یہ اتنا بڑا ہے جتنا کہ روم (ROME) ہے ۔ دیکھنے میں یہ بہت خوب صورت ہے ۔ اِس کے گھروں کے باغوں میں بہت سے درختوں کے جھنڈ ہیں ۔ اِس میں بہت سے پانی کے نالے بہتے ہیں ۔ کئی جگہ جھیلیں بھی ہیں ۔ بادشاہ کے محل کے نزدیک پام ( Palm ) کے درختوں کا ایک جھنڈ اور کئی پھلدار درخت ہیں ۔

سوالات :-

(14-1) کہاں سے ڈومِنگو پائس شہر کا بیشتر حصّہ دیکھ سکا ۔ ؟ 1

(14-2) وہ مکمل شہر کو کیوں نہیں دیکھ سکتا تھا ؟ 2

(14-3) وجے نگر کے شہر کے خاص خاص پہلو بیان کیجئے ۔ 3

(14-4) مُصنّف نے روم کے ساتھ اِس کا مقابلہ کیسے کیا ؟ 2

15 ۔ درج ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیئے اور اس سے آگے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

## ایک اخباری رپورٹ

'رے اوت اور ساہوکار' عنوان سے 6 جون 1876 کے نیٹو اوپینئن (Native Opinion) اخبار میں چھپی خبر کا ذکر بمبئی کے مقامی اخباروں کی رپورٹ میں کیا گیا تھا۔

وہ (رے اوت) پہلے اپنے گاؤں کی سرحدوں پر جاسوس مقرر کر دیتے تھے، جو دیکھتے تھے کہ کیا کوئی سرکاری افسر آیا ہے۔ وہ اس کی خبر قصور کاروں کو دیتے تھے۔ وہ پھر ایک گروہ میں اکٹھے ہو کر انہیں قرض دینے والوں کے گھروں پر جا کر ان سے اپنے بانڈوں اور دیگر کاغذات کی واپسی کی مانگ کرتے تھے۔ انکار پر وہ انہیں حملہ اور ڈاکہ ڈالنے کی دھمکی دیتے تھے۔ اگر کوئی سرکاری افسر اس گاؤں میں آنے لگے جس کے متعلق اوپر ذکر کیا گیا ہے تو جاسوس قصور کاروں کو اطلاع دیتے تھے جس سے وہ وقت رہتے تتر بتر ہو جاتے تھے۔

سوالات :-

2 (15.1) رے اوتوں اور ساہوکاروں کے بیچ کے رشتہ کو مقرر کیجئے۔

2 (15.2) رے اوت کس طرح سرکاری افسروں کی دیکھ بھال کرتے تھے؟

2 (15.3) سرکاری افسر کو دیکھنے پر رے اوتوں کا عمل کیا ہوتا تھا؟

2 (15.4) ساہوکار کیوں گاؤں سے بھاگ جاتے تھے؟

— یا —

## ہم نے خاص حقوق کبھی نہیں مانگے

بمبئی کی ہنسا مہتہ نے عورتوں کے لئے انصاف مانگا نہ کہ محفوظ جگہیں یا چُناؤ حلقہ۔ ہم نے کبھی خاص حقوق نہیں مانگے۔ ہم نے مانگا ہے تو سوشل انصاف یا معاشی انصاف اور سیاسی انصاف۔ ہم نے مانگی ہے ایسی برابری جو اکیلے باہمی عزت داری اور سمجھ داری دے سکتی ہے جس کے بنا آدمی اور عورت میں تعلق ممکن نہیں۔

سوالات :-

(15.1) ہنسا مہتہ نے عورتوں کے لئے کیا مانگا ؟ 3

(15.2) عورتوں کو طاقتور کیسے بنایا جا سکتا ہے ؟ 2

(15.3) آدمیوں اور عورتوں میں ایک دوسرے کی عزت کرنے کی بنیاد کیا ہو سکتی ہے ؟ 3

16. اِس پیراگراف کو غور سے پڑھیئے اور اِس سے آگے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

## اب تک تلاش شدہ پُرانا سسٹم

نالیوں کے متعلق میکے نے نوٹ کیا ہے :

" ابھی تک تلاش شدہ یہ ایک پُرانا سب سے زیادہ مکمل سسٹم ہے۔" ہر ایک گھر کوچہ کی نالی سے جُڑا تھا۔ بڑی نالیاں مسالے ( Mortar ) میں جڑی اینٹوں سے بنی تھیں اور کُھلی اینٹوں سے ڈھکی ہوئی تھیں جنھیں صفائی کرنے

کے لیئے ہٹایا جاسکتا تھا۔ کچھ حالتوں میں ڈھکن کے لیئے چونے کے پتھروں کا استعمال بھی کیا گیا تھا۔ گھروں کی نالیوں کا پانی ہودیوں (گڑھوں) ( Cesspit ) میں ڈالا جاتا تھا۔ جس سے ٹھوس کچرہ نیچے بیٹھ جاتا تھا اور بچا پانی کوچہ کی نالی میں بہہ جاتا تھا۔ بڑی نالیوں پر صفائی کے لیئے کہیں کہیں بڑی ہودیاں (گڑھے) بنی تھیں۔ یہ آثاریات ( Archaeology ) کا عجوبہ تھا کہ بڑی نالیوں کے آس پاس کچھ جگہوں پر چھوٹے چھوٹے ڈھیر ہوتے تھے جن میں عام طور پر ریت ہوتی تھی۔ اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نالیوں کی صفائی سے نکلا کچرا ہمیشہ ہٹایا نہیں جاتا تھا۔

(وسیلہ: ارنیسٹ میکے : پرانی سندھ کی تہذیب (1948))

نالیوں کا رواج فقط بڑے شہروں میں ہی نہیں بلکہ چھوٹی آبادیوں میں بھی پایا جاتا تھا۔ مثال کے طور پر لوتھل ( Lothal ) میں جہاں مکان کچّی اینٹوں سے بنے تھے، نالیاں بنانے میں پکّی اینٹوں کا استعمال ہوا تھا۔

**سوالات :-**

(16.1) گھروں کی بے مثال خصوصیت کیا تھی۔ 1

(16.2) ہڑپا کے دوران کا پانی نکالنے کا پرانا سسٹم بیان کیجئے۔ 3

(16.3) ڈھکی ہوئی نالیوں کے فائدے بیان کیجیئے۔ 2

(16.4) پانی نکالنے کی نالیوں کے آس پاس پڑا کباڑ کیا ظاہر کرتا ہے؟ 2

— یا —

<u>اچھے بیٹوں کو پیدا کرنا</u>

یہاں رگ وید سے لیئے گئے ایک منتر کا حصّہ دیا گیا ہے۔ جسے غالبًا عیسیٰ قبل لگ

بھگ 1000 سال پر کتاب میں شامل کیا گیا تھا اِسے پنڈت لوگ شادی کرواتے وقت پڑھتے تھے۔ اِسے آج بھی کئی ہندوستادیوں میں پڑھا جاتا ہے۔
میں اُسے یہاں سے آزاد کرتا ہوں لیکن وہاں سے نہیں۔ میں نے اُسے وہاں پکا باندھا ہے۔ جس سے اِندر کی مہربانی سے اُسے اچھے بیٹے ملیں گے اور وہ اپنے خاوند سے محبت پلنے میں خوش قسمت ہوگی۔ اندر بہادری، لڑائی اور بارش کا ایک بڑا دیوتا ہے۔ یہاں اور وہاں الفاظ کا لگاؤ والد کے گھر اور خاوند کے گھر سے ہے۔

سوالات :-

(16.1) اِندر کون تھا؟ 1

(16.2) لوگ اِندر سے خوش قسمتی کی مانگ کیوں کرتے تھے۔ ؟ 2

(16.3) لوگ اچھے بیٹوں کی خواہش کیوں کرتے تھے؟ 2

(16.4) پیراگراف میں ذکر کردہ رِگ وید کا منتر بتائیے۔ ہندوستانی سوسائٹی میں اِس کا استعمال کیسے ہوتا تھا۔ 3=1+2

## حصّہ - E

### نقشہ متعلقہ سوال

17. (17.1) دیئے گئے ہندوستان کے سیاسی خاکہ (صفحہ 13) پر مندرجہ ذیل کی جگہ دِکھائیے اور لیبل کریں۔

(a) لوتھل

(b) بیجاپور 2

(17.2) اسی خاکہ (صفحہ 13) پر ہندوستانی قومی تحریک کی تین جگہوں کو 1 ، 2 ، 3 ، سے نشان زد کیا گیا ہے ۔ اِن کی پہچان کیجئے اور ان کے صحیح نام پاس کے خطوں پر خاکہ میں لکھیں ۔ 3

نقشہ کو جواب کاپی کے ساتھ جوڑیئے ۔

**نوٹ :-** ذیلی سوالات سوال نمبر 17 کے عوض فقط نابینا طلباء کے لیئے ۔

(17.1) گجرات میں ایک پختہ ہڑپا کی جگہ کا نام لکھیئے ۔ 1

(17.2) کرشن دیوارے آ کی حکومت کے دار الخلافہ شہر کا نام لکھیں ۔ 1

(17.3) ہندوستانی قومی تحریک سے تعلق رکھنے والی کنہی تین جگہوں کے نام لکھیئے ۔ 3

بھارت کا سیاسی خاکہ

سوال نمبر 17-1 و 17-2 کے لئے

